شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

22مارچ2023ء

پریس ریلیز

23مارچ کو مسلمانانِ ہند نے دو قومی نظریہ پر مہر تصدیق ثبت کی۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): 23مارچ کو مسلمانانِ ہند نے دو قومی نظریہ پر مہر تصدیق ثبت کی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ مصور پاکستان علامہ محمد اقبال نے مسلم لیگ کے الٰہ آباد کے سالانہ اجلاس میں قوم کی جو سمت متعین کی تھی 23مارچ 1940ء کو منظور ہونے والی قرارداد اس کی طرف پہلا قدم تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد ہندوستان کے طول و عرض میں مسلمانوں نے پاکستان کا مطلب کیا: لاالٰہ الا اللہ کے نعرے کے تحت اپنے معاشی، سماجی و سیاسی حقوق کی باقاعدہ کوشش کی۔ اس نعرے نے مسلمانوں میں ایسا عوامی شعور اور ایسی بیداری پیدا کی کہ انگریز حکمران اور ہندو اکثریت بے بس ہو گئی اور 7 سال کے مختصر عرصے میں پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ یہ معجزہ اسی نعرے کے نتیجے میں رونما ہوا لیکن بعد ازاں بد قسمتی سے اہلِ پاکستان نے اس نعرے سے عملاً کنارا کشی اختیار کر لی۔ اسلامی نظام اپنانے کی بجائے خواہی نخواہی سیکولر نظام کی طرف گامزن ہو گئے۔ پھر یہ کہ عوامی مینڈیٹ کو پے در پے پامال کیا گیا۔ لٰہذا دنیا میں ذلت و رسوائی ہمارا مقدر بن گئی۔ قوم کو 23مارچ کے حوالے سے یہ عزم کرنا چاہیے کہ وہ اللہ سے کیے گئے وعدہ کو پورا کریں گے۔ اسی سے پاکستان مضبوط اور مستحکم ہو گا اور ہماری آخرت بھی سنورے گی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: Wednesday 23 March, 2023

"The Muslims of the Indo-Pak subcontinent affirmed their commitment to the two-nation theory on March 23rd."

(<u>Shujauddin Shaikh</u>)

Lahore (PR): The Muslims of the Indo-Pak subcontinent affirmed their commitment to the two-nation theory on March 23rd. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in an address. He reminded that the resolution passed on the 23rd of March, 1940, was the first step towards the direction which the visionary of Pakistan, Allama Iqbal, had set for the nation in Muslim League's annual conference in Allahabad. He added that following this, Muslims all over Hindustan formally initiated a struggle for their economic, social and political rights under the motto: "Pakistan Ka Matlab Kya La Ilaha Ilallah". This slogan gave birth to such a public awakening and consciousness that the British Raj along with the Hindu majority were incapacitated, and within a span of 7 short years, the vision of Pakistan materialized. This miracle only occurred because of that motto, but unfortunately, the people of Pakistan deviated from it in practice afterwards. Instead of adopting the Islamic system, they willingly started to progress towards secularism. On top of that, public mandate was repeatedly thwarted. Thereafter, we became destined for humiliation and ignominy. The Ameer said that on March 23rd, our nation must make a firm commitment that it will strive to fulfill its promise to Allah *(SWT)*. Only through this will Pakistan achieve strength and stability, and our Hereafter will flourish as well.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan